نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گلابی سنڈی کے بے موسمی تدارک کی حکمت عملی جاری کردی

لاہور 19 جنوری 2024:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کپاس ہماری ایک اہم فصل ہے اوراس کی مجموعی پیداوار کا تقریباً 70 فیصد پنجاب میں پیدا ہوتا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ گلابی سنڈی کپاس کا ایک خطرناک کیڑا ہے جس کے حملہ سے نہ صرف پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے بلکہ کپاس کی کوالٹی بھی بُری طرح متاثر ہوتی ہے۔کپاس کی گلابی سنڈی کی آف سیزن مینجمنٹ نہایت اہمیت کی حامل ہے کیونکہ گلابی سنڈی کا کوئی میزبان پودا نہیں ہے لہٰذا آف سیزن مینجمنٹ نہایت ضروری ہے۔کپاس کی چھڑیوں کو اگر ایندھن کیلئے رکھنا مقصود ہو تو چھوٹے گٹھے بنا کر اس طرح رکھیں کہ چھڑیوں کے مُڈھ نیچے کی طرف ہوں تا کہ دھوپ لگنے سے باقی ماندہ ٹینڈوں سے گلابی سنڈی کے پروانے نکل کر کپاس کی اگلی فصل سے پہلے ضائع ہو جائیں۔جیننگ فیکٹریوں میں موجود کپاس کا کچرا اور گلابی سنڈے کے لاروے جو کہ جڑواں بیجوں کی شکل میں ہوتے ہیں کی تلفی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔چھڑیوں کے ڈھیر یا گٹھوں کو الٹ پلٹ کریں تا کہ نیچے کچرا میں موجود گلابی سنڈی کے پیوپے بھی تلف ہو جائیں۔سٹور کی گئی کپاس کے بیج کو ایلومنیم فاسفائیڈ (فاسفین) کی گولیوں سے بحساب 30 گولیاں فی 1000 مکعب فٹ دھونی دینی چاہیے تا کہ گلابی سنڈی کے لاروے اور پیوپے جڑواں بیجوں میں تلف ہو جائیں۔

☆☆☆☆